Tarjuma Tul Quran Majeed - ICS Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 5 Short Questions Test

Q1. سورہ البقرہ کی فضیلت بیان کریں

Ans 1: سورۃ البقرہ بہت فضیلت والی سورت سے ہے- صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم کے زمانے میں یہ شخص سورۃ البقرہ اور سورۃ ال عمران کا عالم ہوتا تھا اسے بہت عظیم اور لائق تکریم شمار کیا جاتا تھا.

Q2. سورۃ ال عمران کب اور کہاں پیش آیا-

Ans 1: سورۃ ال عمران مدینے میں 9 ہجری کو نجران کے وفد کی آمد پر پیش آیا.

Q3. سورۃ البقرہ کا آغاز تحریر کریں

Ans 1: سورۃ البقرہ کا آغاز حروف مقطعات سے ہوتا ہے.حروف مقطعات قرآن مجید کی کچھ سورتوں کے شروع میں آنے والے وہ حروف ہیں جن کےمعانی اللہ تعالی اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے سوا کوئی نہیں جانتا.

Q4. سورۃ البقرہ میں مال خرچ کرنے کی کیا ترتیب بتائی گئی ہے.

Ans 1: اللہ تعالی نے مال خرچ کرنےکی یہ ترتیب بتائی ہے کہ پہلے والدین ، رشتہ داروں اور پھر دیگر حاجت مندوں پر خرچ کیا جائے.

Q5. سورۃ الانفال کب اور کہاں نازل ہوئی.

Ans 1: سورۃ الانفال دو ہجری کے لگ بھگ مدینہ منورہ میں غزوہ بدر کے بعد نازل ہوئی.

Q6. سورۃ ال عمران میں کن دو غزوات کا زکر آیا ہے.

Ans 1: سورۃ آل عمران میں ہمیں غزوہ بدر اور غزوہ احد کا زکر ملتا ہے

Q7. لفظ کے معنی تحریر کریں- خلفھم- ولا یودہ - یتخبطہ- اوتخفوہ- ملٰئکتیہ- ان نسینا-

Ans 1: خلفھم- ان کے پیچھے- ولا یودہ- اسے نہیں تھکاتی - یتخبطہ- اسے پاگل کردیا اوتخفوہ- یا اسے چھپاؤ- ملائکتہ- اس کے فرشتے- ان نسینا- اگر ہم بھول جائیں

Q8. سورۃ التوبہ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

Ans 1: سورۃ التوبہ کا مرکزی مضمون "مشرکین سے اعلان براءت یعنی لاتعلقی کا اظہار ، کفار کا حرم شریف سے نکالا جانا اور منافقین کی رسوائی " ہے.

Q9. سورۃ ال عمران کے دو اور نام تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ آل عمران کا ایک امان اور ایک نام زہراہے.

Q10. سورۃ البقرہ میں بنی اسرائیل کا تذکرہ کس طورپر آیا ہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ مذکور ہے جسے زبح کرنے کا حکم بنی اسرائیل کو دیا گیاتھا- اس لیے اس سورت کا نام سورہ البقرہ ہے- کیوں کہ بقرہ عربی زبان میں گائے کو کہتےہیں- اس واقعہ میں بہت سی حکمتیں ہیں جن میں سے ایک اہم بات یہ ہے کہ اللہ تعالی انسانوں کے مرجانے کے بعد انھیں دوبارہ زندہ کرنے پر مکمل قدرت رکھتا ہے.
